Department of Education

پری کنڈرگارٹن درخواست جنوری 2023 میں کُھل رہی ہے!

عزیزی اہلِ خانہ،

کیا آپکا 2019 میں پیدا ہونے والا کوئی بچہ ہے؟ اگر ایسا ہے تو آپ اس موسمِ سرما میں پری کنڈرگارٹن میں درخواست دیں گے!

پری کنڈرگارٹن کی درخواست جنوری 2023 کے آخر میں کھلے گی؛ مزید جدید معلومات کے لیے منتظر رہیں جب ہم درخواست کے دورانیے کے نزدیک پہنچیں گے۔ آپ تیار ہونے کے لیے اس وقت ذیل کر سکتے ہیں:

- ہماری قابلِ تلاش **مائی اسکولز ڈائریکٹری** کو استعمال کرتے ہوئے پری کنڈرگارٹن پروگراموں کی چھان بین کریں۔ پری کنڈرگارٹن وڈیو پلے لسٹ ہماری **ویب سائٹ** پر ملاحظه کریں، جس میں متعدد مائی اسکولز ٹیٹوریل ہیں بشمول که ایک اکاونٹ کیسے بنائیں۔
- یه سیکھیں که **مائی اسکولز ڈائریکٹری** کو کیسے استعمال کریں- آپ اپنے نزدیک پروگرام انتخابات دیکھ سکتے ہیں جب آپ اپنا پته داخل کریں اور اپنی ضروریات کی بنیاد پر فلٹر کریں۔ مثلاً، آپ ان پروگراموں کے لیے فلٹر کرسکتے ہیں جو دیر سے لے جانے کی پیشکش کرتے ہیں یا ہیڈ اسٹارٹ نشستیں ہیں۔
- پروگرام کے اوپن ہاوسز میں شرکت کریں! پروگراموں کا آن لائن یا بذاتِ خود دوره کرنا یه تصور کرنے کا بہترین طریقه ہے که وہاں جانا کیسا لگے گا۔ ہر پروگرام کی ویب سائٹ اسکے مائی اسکولز صفحے پر درج ہے، یا ان سے یه جاننے کے لیے براہِ راست رابطه کریں که آیا وہ کوئی ورچؤل یا خود موجودگی (In Person) کی تقریبات کا انعقاد کریں گے۔ آپ تقریبات کو ہمارا نیا **مائی اسکولز تقریبات کیلنڈر** استعمال کرکے بھی دیکھ سکتے ہیں اور اپنے کیلنڈر میں محفوظ کر سکتے ہیں۔

نیویارک شہر میں 2019 میں پیدا ہونے والے بچوں کے تمام خاندانوں کی درخواست دینے کی حوصله افزائی کی جاتی ہے۔ اگرچه آپکا بچه فی الوقت ایک 3-K پروگرام میں شرکت کررہا ہے، آپکو پھر بھی پری کنڈرگارٹن میں درخواست دینا لازمی ہے۔

مزید جاننا چاہتے ہیں؟ ہماری **پری کنڈرگارٹن داخلوں کی ویب سائٹ** پر جائیں۔ ہم درخواست دہی کے پورے طریق کار کے دوران تازہ ترین معلومات اور یاد دہانیاں بھیجیں گے۔

ابھی بھی سوالات ہیں؟ ہمیں 718-935-2009 پر کال کریں یا اپنے مقامی **خاندانی استقبالیه مرکز** پر جائیں۔

نیک تمنائیں،
الیمنٹری اسکول داخله ٹیم

کیا یه ای میل آپ کو کسی دوست نے بھیجی تھی؟ ہماری پری کنڈرگارٹن داخلوں کی میل فہرست (فہرستوں) کے لیے یہاں سائن اپ کرنا یقینی بنائیں schools.nyc.gov/SignUp اگر آپ ہماری کسی بھی یا تمام ای میل فہرستوں سے مزید ای میلز موصول نہیں کرنا چاہتے ہیں براہِ کرم آن سبسکرائب کرنے کے لیے **یہاں** کلک کریں۔